سوال

(92) جانوروں کو مہوا کھلانے کی کیا شرعی حیثیت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مہوا جو ایک بڑے درخت کا پھل ہے۔ علاقہ بہار میں بہت ہوتا ہے۔ مثل کشمش کے بہت میٹھا اور سستا ہوتا ہے۔ دیہات کے غریب لوگ کھاتے ہیں۔ بکثرت اس سے شراب بنتی ہے۔ پانی میں پھلا کر مویشی کو کھلایا جاتا ہے۔ دو چار دن پانی میں رکھنے سے اس میں کچھ نشہ لانے کا اثر بھی ہو جاتا ہے۔ مویشی کے مانڈے میں چارے کے ساتھ مہوا کھلی وغیرہ ملا کر رکھ دیا جاتا ہے۔ جو اکثر دو چار دن تک کھلایا جاتا ہے۔ اس طرح جانور کو کھلانے میں کچھ شرعی ممانعت ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مہوا کی جو کیفیت لکھی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ گیہوں۔ انگور۔ گڑ وغیرہ کی طرح ہے۔ گیہوں اور انگور سے بھی شراب بنتی ہے۔ تو جس طرح گیہوں اور انگور کی غذا جائز ہے۔ مہوا کی بھی جائز ہے۔

(فتاوی ثنائیہ جلد 2 صفحہ 436)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 95

محدث فتویٰ